بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نغمہ فاطمہ نام رکھنے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اگر کسی بچی کا نام نغمہ ہو، توکیا اس کا نام نغمہ فاطمہ کرسکتے ہیں؟

## جواب

نغمہ کا معنی ہے "پڑھنے میں اچھی آواز"، لہذا بچی کا نام نغمہ فاطمہ رکھ سکتے ہیں، البتہ بہتر یہ ہے کہ صرف فاطمہ نام رکھ لیں؛کہ اس سے امید ہے کہ ان کی برکات بچی کے شامل حال ہوں گی، نیزاس سے حدیث پاک پر عمل بھی ہوگا، کہ حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے اچھے لوگوں کے نام پہ نام رکھنے کی ترغیب ارشادفرمائی ہے۔

نغمہ نام کا معنی بیان کرتے ہوئے المنجد میں ہے "(النغمة): پڑھنے میں اچھی آواز، جمع نغمات۔" (المنجد، صفحہ 918، مطبوعہ: لاہور)

الفردوس بماثورالخطاب میں ہے "تسموابخیارکم "ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثورالخطاب، جلد2، صفحہ 58، حدیث 2328، دارالکتب العلمیۃ، بیروت)

صدرالشریعہ، مفتی محمدامجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یااون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ وتابعین وبزرگان دِین کے نام پرنام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہارشریعت، جلد3، حصہ 15، صفحہ 356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

مفتی احمدیارخان نعیمی علیہ الرحمۃ مراٰۃ المناجیح میں فرماتے ہیں: "بہتر یہ ہے کہ انبیاء کرام یاحضورعلیہ السلام کے صحابہ عظام، اہلبیت اطہار کے ناموں پر نام رکھے جیسے ابراہیم واسمٰعیل، عثمان، علی، حسین وحسن وغیرہ عورتوں کے نام آسیہ، فاطمہ، عائشہ وغیرہ اورجو اپنے بیٹے کا نام محمدرکھے وہ انشاء اللہ بخشا جائے گا۔" (مراٰۃ المناجیح، جلد5، صفحہ 30، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

**نوٹ:** ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اوربچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کرکوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاون لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمدفرازعطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5431

تاریخ اجراء: 07ربیع الآخر1448ھ/19ستمبر2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net